کل نمبر:25 **اُردو (ہفتم) ٹیسٹ نمبر1** **وقت:30 منٹ**

چوتھا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (دوسرا ہفتہ)

(حصہ اوّل)

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(13)**

1۔ نشانِ حیدر پانے والے کم سن شہید ہیں:

(الف)	راشد منہاس	(ب)	میجر طفیل	(ج)	میجر شبیر شریف	(د)	میجر عزیز بھٹی

2۔ ڈاکٹر سر علّامہ محمد اقبال میں خطاب کی نشان دہی کریں:

(الف)	ڈاکٹر	(ب)	علّامہ	(ج)	سَر	(د)	مُحمد اقبال

3۔ نرجنس کے لیے اسم استعمال ہوتا ہے:

(الف)	واحد	(ب)	مؤنث	(ج)	مذکّر	(د)	جمع

4۔ مصحفی قواعد کی رُو سے ہے:

(الف)	لقب	(ب)	خطاب	(ج)	کنیت	(د)	تخلّص

5۔ پاکستان کی فضائی حدُود کی نگرانی کرتی ہے:

(الف)	پاک فضائیہ	(ب)	پاک آرمی	(ج)	پاک نیوی	(د)	رینجرز

6۔ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں کنیت کی نشان دہی کریں:

(الف)	حضرت	(ب)	ابن ابی طالب	(ج)	علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	(د)	طالب

7۔ دُرست تلفُّظ ہے:

(الف)	م۔ش۔غ۔ل۔ہ	(ب)	م۔شغلہ	(ج)	مش۔غلہ	(د)	تمام دُرست

8۔ راشد منہاس پرواز کے لیے تیار بیٹھا تھا:

(الف)	فوکر طیارے میں	(ب)	ایف ۱۶ میں	(ج)	C-130 میں	(د)	ٹی ۳۳ جیٹ میں

9۔ راشد منہاس نے ائیر بیس کے کنٹرول روم کو اطلاع دی:

(الف)	میرا جہاز اغوا کرلیا گیا ہے	(ب)	جہاز میں میرا انسٹرکٹر بھی سوار ہے
(ج)	میں زخمی ہوگیا ہوں	(د)	انسٹرکٹر زخمی ہوگیا ہے

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 10، 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔**

راشد منہاس ۱۷ر فروری ۱۹۵۱ء کو پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم لاہور میں حاصل کی۔ اس کے بعد اپنے خاندان

کے ساتھ کچھ عرصہ راول پنڈی میں مقیم رہے اور تعلیم کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ اُن کا خاندان کراچی منتقل ہوا تو راشد منہاس بھی اپنے والدین کے ساتھ کراچی آگئے جہاں اُنھوں نے بقیہ تعلیم کراچی کے سینٹ پیٹرک سکول سے حاصل کی۔

10۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	مُحسنِ پاکستان	(ب)	کم سن شہید
(ج)	مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا	(د)	چچا چھکّن نے تصویر ٹانگی

11۔ راشد منہاس کی تاریخ پیدائش ہے:

(الف)	۱۷ر فروری ۱۹۸۲	(ب)	۱۷ر فروری ۱۹۶۱	(ج)	۱۷ر فروری 1951ء	(د)	۱۷ر فروری ۱۹۷۱ء

12۔ راشد منہاس کا خاندان راول پنڈی سے کہاں منتقل ہوا؟

(الف)	مُلتان	(ب)	کوئٹہ	(ج)	سیال کوٹ	(د)	کراچی

13۔ راشد منہاس نے ابتدائی تعلیم حاصل کی:

(الف)	لاہور میں	(ب)	پشاور میں	(ج)	کوئٹہ میں	(د)	مُلتان میں

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ (کل نمبر12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر1: ''چڑیا گھر کی سیر'' کے عُنوان پر مضمون لکھیں۔

سوال نمبر2: ''اتفاق میں بڑی طاقت ہے'' کے عُنوان پر کہانی لکھیں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر1: مذکر مؤنث کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

سوال نمبر2: اِعراب کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔